اور روزمرہ کے ماڈل نظام الاوقات بھی تجویز کیے گئے ہیں۔توجہ سے مطالعہ کیا جائے تو ذاتی اصلاح کے لیے نہایت مفید ہے۔(مسلم سجاد)

چنار کہانی، محمد صغیر قمر۔ ناشر: منشورات، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۳۲۳۔ قیمت: ۱۴۰ روپے۔

چنار کہانی ہمارے اردگرد پھیلی ہوئی ہزاروں کہانیوں سے اخذ کردہ وہ منتخب کہانیاں ہیں جنھیں صغیر قمر نے بڑی توجہ کے ساتھ الفاظ کے پیکر میں ڈھالا ہے۔ وہ قارئین کی نفسیات کو سامنے رکھ کر لکھتے ہیں اور ایسے الفاظ اور جملے استعمال کرتے ہیں جو براہِ راست قاری کے دل پر اثر کرتے ہیں بلکہ دلوں کے تار اس طرح چھیڑتے ہیں کہ آنکھیں بار بار نم ہوجاتی ہیں اور بے اختیار آنسو نکل آتے ہیں۔

مصنف کی اوّل و آخر شناخت کشمیر اور جہاد کشمیر ہے جس کی وہ آبیاری ایک طویل عرصے سے اپنے قلم سے کر رہے ہیں۔ چنار کہانی میں کشمیر، افغانستان، فلسطین اور دیگر حوالوں سے جسدِ ملّت کے زخموں اور جدوجہد کا تذکرہ ہے۔ یہ تحریریں اس سے قبل جہاد کشمیر اور روزنامہ خبریں میں شائع ہوچکی ہیں۔ یہ کالم دراصل اپنے دین، وطن اور اقدار و روایات کے ساتھ وابستگی کا رنگ گہرا کرنے کا ذریعہ ہیں۔ ایسے میں جب الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا روشن خیالی کے نام پر دین و مذہب سے بے زاری اور نفرت پیدا کر رہا ہے، زیرنظر کتاب نہ صرف نوجوان نسل بلکہ ہر طبقۂ فکر کے لیے سوچ بچار اور غوروفکر کی نئی راہیں متعین کرتی ہے۔(عمران ظہور غازی)

تعارف کتب

⊙ **تاریخ مسجد الحرام**، عبدالرؤف فاروقی۔ ناشر: ادارہ انوار الحرمین، سمن آباد لاہور۔ صفحات: ۳۰۴۔ قیمت: ۱۹۰ روپے۔ [فاضل مصنف نے مکہ مکرمہ، مسجدِ حرام، بیت اللہ اور اس کے متعلقات پر خاصی کاوش کے بعد ایسی معلومات جمع کی ہیں، جو اُن کے بقول 'مستند' ہیں اور اُردو زبان میں پہلی دفعہ منتقل ہو رہی ہیں۔ ابواب کے عنوانات (بیت اللہ اور اس کے متعلقات، بیت اللہ کی تعمیر کی تاریخ، مسجد حرام میں توسیعات، مسجدِ حرام فتنوں کی زد میں، مسائلِ حج) سے کتاب کی جامعیت اور وسعتِ موضوع کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ ایک مفید اور لائق مطالعہ کتاب۔]